ہے لہٰذا ان کے دل اگر ارتداد کی طرف مائل ہوں تو اس میں حیرت کی کیا بات ہے"۔ (ص ۵-۶)

اس کتاب سے محض نصابی کتاب کے طور پر نہیں، بلکہ اسلامی دعوت کو اس دور کے نوجوانوں کے سامنے پیش کرنے کے حوالے سے ہر طرح استفادہ کیا گیا، خصوصاً مقابلے کے امتحانوں میں حصّہ لینے والوں کے لیے ایک MUST کی حیثیت اختیار کیے رہی۔ اس کے بے شمار جعلی ایڈیشن شائع ہوئے اور مقبولیت حاصل کرتے رہے۔

اس کتاب کی تالیف میں بعض انتہائی مشہور و معروف مسلمان اہلِ علم کی نگارشات ان کی اجازت سے شاملِ اشاعت ہیں: مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی، لکھنؤ (بھارت)، ڈاکٹر مصطفیٰ زرقا، دمشق (شام)، مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی، لاہور، مولانا امین احسن اصلاحی، لاہور، ڈاکٹر حمید اللہ، پیرس (فرانس)، مولانا صدرالدین اصلاحی، اعظم گڑھ (بھارت)، جناب نعیم صدیقی، لاہور، مولانا افتخار احمد بلخی، کراچی۔ اس سے اس کتاب کی افادیت اور کشش بہت بڑھ گئی ہے۔

اسلامی نظریۂ حیات (حصّہ اول)، مذہب اور دورِ جدید سے متعلّق مباحث پر مشتمل ہے، جب کہ (حصّہ دوم) اسلامی فلسفۂ حیات اور (حصّہ سوم) اسلامی نظامِ حیات سے متعلّق ہے۔ بحیثیت مجموعی اس کتاب میں زندگی کے اسلامی تصور کے تمام پہلوؤں کو مختصراً اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ پڑھنے والے کے ذہن میں اسلام کے پورے نظامِ فکر و عمل کا ایک واضح نقشہ بن جائے اور اسلام کے تقاضوں کی سمجھ بھی اس میں پیدا ہو جائے۔

مناسب ہوگا اس کتاب کا ایک اچھا انگریزی ترجمہ شائع کیا جائے کہ یہ معاشرے کی ضرورت ہے۔ کتاب کی اہمیّت کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ اس کی جدید انداز پر معقول تشہیر کروائی جائے۔ اسکول، کالج، جامعات اور دوسرے اداروں کی لائبریری میں فراہم کی جائے۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر تشہیر کی جائے اور کتب میلوں میں خاص طور پر رکھوائی جائے۔ (شہزادالحسن چشتی)

ماہنامہ **المدینہ**، کراچی، خصوصی شمارہ: تحفظ ماحولیات اور طب وصحت، تعلیماتِ نبویؐ کی روشنی میں، مدیر: قاری حامد محمود۔ ملنے کا پتا: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز کمرہ ۲۰۵-اے، سیکنڈ فلور، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔ فون: ۲۲۰۴۲۵۵-۰۳۰۰۔ صفحات: ۴۴۸۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔

خصوصی شمارے اپنے موضوع سے انصاف کریں تو انھیں پڑھ کر خوشی محسوس ہوتی ہے۔

اس نمبر کے چار ابواب ہیں: تحفظ ماحولیات، مرض اور مریض، صحت و تندرستی، طبِ نبویؐ، کُل ۳۵ مقالات ہیں۔ کچھ لکھنے والوں کے نام سے رسالے کے اعلیٰ معیار کا اندازہ ہوگا: حکیم محمد سعید، ڈاکٹر حمیداللہ، مولانا محمد تقی عثمانی، ڈاکٹر گوہر مشتاق، ڈاکٹر اُم کلثوم، ڈاکٹر عبدالحی عارفی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، حکیم طارق محمود چغتائی، حکیم راحت نسیم سوہدروی، ڈاکٹر خالد غزنوی، ڈاکٹر سیّد عزیز الرحمٰن، مولانا امیرالدین مہر، ارشاد الرحمٰن۔ بعض موضوعات: ماحولیات، جدید چیلنج اور تعلیماتِ نبویؐ، بیماریاں اور پریشانیاں، نعمت یا زحمت، دل کی صحت اور اس پر عبادت کے اثرات، حفظانِ صحت اور شریعت مطہرہ، روزے کی جسمانی اور نفسیاتی افادیت اور طب نبویؐ۔ زیتون، انجیر، کھجور، کلونجی اور شہد کے فوائد پر علیحدہ علیحدہ مضامین ہیں۔ نمبر کو سلیقے سے ترتیب دیا گیا ہے۔

کچھ 'لطائف' بھی ہیں جنھیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ۱۶ویں جلد کے اس شمارہ ۶ پر نومبر دسمبر ۲۰۱۶ء لکھا گیا ہے۔ فہرست میں مختلف حصوں کے صفحات نمبر میں پہلا تو ۱۱ تا ۸۰ درست ہے، لیکن اس کے بعد ۲۴۰ تا ۸۱، ۲۷۴ تا ۳۴۱، ۴۴۴ تا ۳۷۵ درج کیے گئے ہیں۔ (مسلم سجاد)

فانوس علامہ اقبال نمبر (شمارہ اپریل مئی ۲۰۱۶ء)، مدیر: خالد علیم۔ ناشر: ماہ نامہ فانوس، طفیل ٹاور، ۱۶-بی، لال دین سٹریٹ، ۳۵ جیل روڈ، لاہور۔ صفحات: ۴۸۰۔ قیمت: ۶۰۰ روپے۔

علامہ اقبال کی شخصیت شاید وہ واحد علمی ہستی ہے جس کی زندگی ہی میں اردو کے معروف ادبی جریدے ماہ نامہ نیرنگ خیال نے ۱۹۳۲ء میں ۳۰۸ صفحات کا ایک ضخیم خاص اقبال نمبر شائع کیا تھا۔ اس کے بعد سے اب تک سیکڑوں اقبال نمبر چھپے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ زیرنظر خاص شمارہ سات حصوں میں منقسم ہے اور ہر حصّے کا سرِعنوان علامہ اقبال کی کوئی نہ کوئی فارسی ترکیب ہے۔

ڈاکٹر مقبول الٰہی کا مضمون (علامہ اقبال بہ حیثیت مردِ استقبال) نہایت اہم ہے۔ اس کے علاوہ ناصر عباس نیر، غفور شاہ قاسم، رفیع الدین ہاشمی، افضل حق قرشی اور محمد شکور طفیل کے غیرمطبوعہ مضامین شاملِ اشاعت ہیں اور نسبتاً یہ اقبالیاتِ تازہ سے بحث کرتے ہیں۔

ایک حصّہ عبدالمجید سالک، مولوی عبدالرزاق حیدرآبادی، چراغ حسن حسرت، مولانا عبدالرزاق کان پوری اور ڈاکٹر تحسین فراقی کے مطبوعہ منتخب مضامین پر مشتمل ہے۔ منظوم حصّے میں نئے پرانے شاعروں کی منظومات اور کلامِ اقبال پر مشتمل تضمینات شامل ہیں۔